© rasailojaraid.com



بتیس سال سے دارالعلوم ,حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے ساتھ ان کا بڑا گہرا تعلق تھا۔ اور اسلام آباد میں قومی اسمبلی کے اجلاسوں کے دوران جب مولانا رحمۃ اللہ علیہ مقیم ہوتے تو ڈاکٹر صاحبؒ اکثر پیشتر آپکی خدمت میں حاضری دیتے۔ کافی مدت سے حضرت شیخؒ اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کے پورے خاندان کا علاج معالجہ کی ذمہ داری اپنے سر لی تھی۔ ڈاکٹر صاحب جیسے مخلص، دیندار اور علماء کے ساتھ بے لوث محبت کرنے والے شاذ ونادر ہی ملتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب مرحومؒ ماہنامہ الحق کے بہت ہی پرانے قاری بھی تھے۔ دارالعلوم حقانیہ اور قارئین "الحق" اس سانحہ فاجعہ پر مرحومؒ کے پسماندگان کے ساتھ برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب مرحومؒ کو خصوصی رحمتوں سے نوازے (آمین)

**ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری کو صدمات :** ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری کے ایک مکتوب گرامی سے آپکے جواں سال بھانجے اور داماد کے انتقال کی اطلاع ملی اور پھر اسکے بعد ان کے بڑے بھائی احمد حسین خان بھی اس عالم فانی سے کوچ کر گئے۔ ہم ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ان پے در پے حادثات پر دلی تعزیت کرتے ہیں۔ اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین سے نوازے اور ڈاکٹر صاحب اور انکے خاندان کے دیگر افراد کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## دارالعلوم کے انتہائی مخلص جناب ملک ضیاء الدین صاحبؒ کی وفات :

گذشتہ ماہ دارالعلوم کے پرانے معاون اور مددگار ملک ضیاء الدین صاحب سرگودھا میں انتقال فرماگئے۔ مرحومؒ "الحق" کے بہت ہی شیدائی اور اولین خریداروں میں سے تھے۔ ماہنامہ الحق کو عقیدت کی بناء پر ملتے ہی چوم لیتے اور کہتے کہ یہ مجلّہ دارالعلوم حقانیہ سے آیا ہے۔ اس سے مرحومؒ کا دارالعلوم حقانیہ کیساتھ عقیدت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح "الحق" کے ایک اور پرانے قاری سید مصباح الدین صاحبؒ پانی پتی بھی لاہور میں انتقال فرماگئے۔ ان دونوں مرحومین کیلئے قارئین "الحق" سے دعاؤں کی درخواست ہے۔ ادارہ انکے پسماندگان کیساتھ تعزیت کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com